# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON COMMUNICATIONS ON THE NATIONAL HIGHWAYS SAFETY (AMENDMENT) BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Communications have the honor to present this report on the Bill further to amend The National Highways Safety Ordinance, 2000 (Act XL of 2000) [The National Highways Safety (Amendment) Bill, 2021] (Government Bill) referred to the Committee on 7th November, 2019.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1) | **Mr. Ibadullah Khan** | **Chairman** |
| 2) | Moulana Abdul Akbar Chitrali | Member |
| 3) | Prince Muhammad Nawaz Allai | Member |
| 4) | Mr. Saleh Muhammad | Member |
| 5) | Mr. Murtaza Javed Abbasi | Member |
| 6) | Engr. Usman Khan Tarakai | Member |
| 7) | Mr. Imran Khattak | Member |
| 8) | Mr. Muhammad Riaz | Member |
| 9) | Rana Muhammad Ishaq Khan | Member |
| 10) | Mr. Aamir Talal Gopang | Member |
| 11) | Sardar Muhammad Jaffar Khan Leghari | Member |
| 12) | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 13) | Syed Ayaz Ali Shah Sheerazi | Member |
| 14) | Mr. Usama Qadri | Member |
| 15) | Mr. Muhammad Aslam Khan | Member |
| 16) | Mir Khan Muhammad Jamali | Member |
| 17) | Mr. Ehsanullah Reki | Member |
| 18) | Mr. Jai Parkash | Member |
| 19) | Dr. Darshan | Member |
| 20) | Mr. Ramesh Lal | Member |
| 21) | Mr. Murad Saeed<br>Minister for Communications | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A,** in its meetings held on 16-01-2020, 01-06-2021 and 08-07-2021. The Committee unanimously recommends that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly.

-Sd-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
*Islamabad, the 27th Dec, 2021*

-Sd-
**(MR. IBADULLAH KHAN)**
Chairman
Standing Committee on Communications

**Annex A**

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

BILL

*to amend the National Highways Safety Ordinance, 2000*

WHEREAS it is expedient to amend the National Highways Safety Ordinance, 2000 (XL of 2000), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.** (1) This Act shall be called the National Highways Safety (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Ordinance XL of 2000.**- In the National Highways Safety Ordinance, 2000 (XL of 2000), hereinafter referred to as the said Ordinance, in section 2, in sub-section (1),-

(a) After the expression "or context,-", the following new clause (i) shall be inserted and the existing clause (i) shall be re-numbered as clause (ia), namely:-

"(i) "administrative Division" means the Division to which business of this Ordinance stands allocated;"; and

(b) In clause (xli), for the word "Government" the words "Secretary of the administrative Division", shall be substituted.

3. **Amendment of section 4, Ordinance XL of 2000.**- In the said Ordinance, in section 4, in sub-section (3), for the word "Government", the expression "Minister-in-charge of the administrative Division", shall be substituted.

4. **Amendment of section 17, Ordinance XL of 2000.** In the said Ordinance, in section 17, in sub-section (1), for the expression "The Government may, in consultation with National Highways and Pakistan Motorway Police,", the expression "The Inspector General of Police may, in consultation with the Prime Minister and", shall be substituted.

5. **Amendment of section 40, Ordinance of XL of 2000.**- In the said Ordinance, in section 40,-

(a) In sub-section (1), for the expression "The Government may, in consultation with National Highways and Pakistan Motorway Police,", the expression "The Inspector General of Police may, in consultation with the Prime Minister and", shall be substituted; and

(b) In sub-section (2), for the expression "Government may make rules", the expression "such rules may provide for" shall be substituted.

6. **Amendment of section 42, Ordinance XL of 2000.** In the said Ordinance, in section 42, in sub-section (2), for the expression "The Government, or any agency authorized in this behalf", the words "Secretary of the administrative Division", shall be substituted.

7. **Amendment of section 43, Ordinance XL of 2000.** In the said Ordinance, in section 43, in sub-section (2), for the word "Government", the words "Secretary of the administrative Division" shall be substituted.

8. **Amendment of section 45, Ordinance XL of 2000.** In the said Ordinance, in section 45, for the expression "Government, or any agency authorized by it in this behalf", the words "Inspector General of the National Highways and Pakistan Motorway Police", shall be substituted.

9. **Amendment of section 46, Ordinance XL of 2000.** In the said Ordinance, in section 46,-

(a) In sub-section (1), for the expression "Government or any agency authorized by it in this behalf"; the words "Secretary of the administrative Division", shall be substituted;

(b) In sub-section (2), for the expression "Government, or any authority empowered by it in this behalf,", the words "Secretary of the administrative Division", shall be substituted; and

(c) In sub-section (3), for the expression "Government, or any agency authorized under sub-section (1), may erect additional signs which in its", the expression "Inspector General of the National Highways and Pakistan Motorway Police, may erect additional signs which in his", shall be substituted.

10. **Amendment of section 47, Ordinance XL of 2000.** In the said Ordinance, in section 47, for the expression "Government, or any agency authorized by it in this behalf,", the words "Secretary of the administrative Division", shall be substituted.

11. **Amendment of section 64, Ordinance XL of 2000.**– In the said Ordinance, in section 64, in sub-section (1), for the expression "The Government may, in consultation with National Highways and Pakistan Motorway Police", the expression "The Inspector General of Police, in consultation with the Prime Minister", shall be substituted.

12. **Amendment of section 68, Ordinance XL of 2000.**– In the said Ordinance, in section 68, in sub-section (2), for the word "Government", the words "Secretary of the administrative Division", shall be substituted.

13. **Amendment of section 93, Ordinance XL of 2000.** In the said Ordinance, in section 93, in sub-section (1), for the word "Government, the words "Prime Minister", shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The amendment Bill of National Highways Safety Ordinance [XL of 2000] has been introduced in compliance of the following decision of the Federal Cabinet made in its meeting held on 8th September, 2017 under Case No.419/19/2017-C

"All Ministries and Divisions should in consultation with Law and Justice Division, make amendments in the respective Acts/Rules and replace the word "Federal Government" with appropriate authority [ies]"

**MR.MURAD SAEED,**
**MINISTER FOR COMMUNICATIONS,**
**MINISTER-IN-CHARGE**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قومی شاہرات تحفظ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مواصلات ۷ر نومبر، ۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی شاہرات تحفظ آرڈیننس، ۲۰۰۰ء (ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۲۰۰۰ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی شاہرات تحفظ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب عباد اللہ خان | چیئرمین |
| ۲۔ | مولانا عبدالاکبر چترالی | رکن |
| ۳۔ | پرنس محمد نواز الائی | رکن |
| ۴۔ | جناب صالح محمد | رکن |
| ۵۔ | جناب مرتضیٰ جاوید عباسی | رکن |
| ۶۔ | انجینئر عثمان خان ترکئی | رکن |
| ۷۔ | جناب عمران خٹک | رکن |
| ۸۔ | جناب محمد ریاض | رکن |
| ۹۔ | رانا محمد اسحاق خان | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عامر طلال گوپانگ | رکن |
| ۱۱۔ | سردار محمد جعفر خان لغاری | رکن |
| ۱۲۔ | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| ۱۳۔ | سید ایاز علی شاہ شیرازی | رکن |
| ۱۴۔ | جناب اسامہ قادری | رکن |
| ۱۵۔ | جناب محمد اسلم خان | رکن |
| ۱۶۔ | میر خان محمد جمالی | رکن |
| ۱۷۔ | جناب احسان اللہ ریکی | رکن |
| ۱۸۔ | جناب جے پرکاش | رکن |
| ۱۹۔ | ڈاکٹر درشن | رکن |
| ۲۰۔ | جناب رمیش لال | رکن |
| ۲۱۔ | جناب مراد سعید، وزیر برائے مواصلات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۶/ جنوری، ۲۰۲۰ء ، یکم جون، ۲۰۲۱ء اور ۸/ جولائی، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔ الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا کمیٹی متفقہ طور پر سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ صورت میں بل کو منظور کرے۔

دستخط/۔

(طاہر حسین)

سیکرٹری

اسلام آباد ۲ دسمبر، ۲۰۲۱ء

دستخط/۔

(جناب، عباد اللہ خان)

چیئرمین

قائمہ کمیٹی برائے مواصلات

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں] منسلکہ۔الف

# تحفظ قومی شاہرات آرڈیننس ۲۰۰۰ء میں
# مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ تحفظ قومی شاہرات آرڈیننس ۲۰۰۰ء (نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء) میں بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے ترمیم کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ تحفظ قومی شاہرات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کہلائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۲، کی ترمیم:۔** تحفظ قومی شاہرات آرڈیننس، ۲۰۰۰ء (نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء)، میں بعدازیں جس کا حوالہ مذکورہ آرڈیننس، کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲، کی ذیلی دفعہ (۱) میں؛

**(الف)** عبارت ''یا سیاق وسباق'' کے بعد حسب ذیل نئی شق (اول) کا اندراج کیا جائے گا اور موجودہ شق (اوّل) کو بطور شق (اوّل الف) دوبارہ نمبر دیا جائے گا، یعنی؛

''**(اول)** ''انتظامی ڈویژن'' سے مراد وہ ڈویژن جسے اس آرڈیننس کا کاروبار تفویض کیا گیا سمجھا جائے گا؛ اور

**(ب)** شق (۴۱) میں لفظ ''حکومت'' کو الفاظ ''انتظامی ڈویژن کے سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۳۔ **آرڈیننس نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۴، کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴ کی، ذیلی دفعہ (۳) میں، لفظ ''حکومت'' کو عبارت ''انتظامی ڈویژن کا وزیر انچارج'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۴۔ **آرڈیننس نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۱۷، کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۷ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت ''حکومت، قومی شاہرات اتھارٹی اور پاکستان موٹروے پولیس کی مشاورت سے'' کو عبارت ''انسپکٹر جنرل پولیس، وزیراعظم کی مشاورت سے اور'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **آرڈیننس نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۴۰، کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴۰ میں،۔۔

**(الف)** ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت "حکومت، شاہرات اور پاکستان موٹروے پولیس کی مشاورت سے،" کو عبارت "انسپکٹر جنرل پولیس، وزیر اعظم کی مشاورت سے اور" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

**(ب)** ذیلی دفعہ (۲) میں، عبارت "حکومت قواعد وضع کر سکے گی" کو عبارت "مذکورہ قواعد فراہم کر سکیں گے" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **آرڈیننس نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۴۲، کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴۲ کی، ذیلی دفعہ (۲) میں، عبارت "حکومت، یا اس واسطے مجاز کردہ کوئی بھی ایجنسی" کو الفاظ "انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۷۔ **آرڈیننس نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۴۳، کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴۳ کی، ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ "حکومت" کو الفاظ "انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۸۔ **آرڈیننس نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۴۵، کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴۵ میں، عبارت "حکومت یا اس کی جانب سے اس واسطے مجاز کردہ کوئی بھی ایجنسی" کو الفاظ "انسپکٹر جنرل قومی شاہرات و پاکستان موٹروے پولیس" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۹۔ **آرڈیننس نمبر ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۴۶، کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴۶ میں،۔۔

**(الف)** ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت "حکومت، یا اس کی جانب سے اس واسطے مجاز کردہ کوئی بھی ایجنسی" کو الفاظ "انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری" سے تبدیل کئے جائیں گے؛ اور

**(ب)** ذیلی دفعہ (۲) میں عبارت "حکومت یا اس کی جانب سے اس واسطے مجاز کردہ کوئی بھی اتھارٹی" الفاظ "انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

**(ج)** ذیلی دفعہ (۳) میں، عبارت "حکومت، یا ذیلی دفعہ (۱) کے تحت مجاز کردہ کوئی بھی ایجنسی،

اضافی نشانات کھڑے کر سکے گی جو اس کے'' کو عبارت ''انسپکٹر جنرل قومی شاہرات اور پاکستان موٹروے پولیس، اضافی نشانات کھڑے کر سکے گی جو اس کے'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۰۔ **آرڈیننس ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۴۷، میں ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴۷ میں، عبارت ''حکومت، یا اس کی جانب سے اس واسطے مجاز کردہ کوئی بھی ایجنسی'' کو الفاظ ''انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۱۔ **آرڈیننس ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۶۴، میں ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۶۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت ''حکومت، قومی شاہرات اور پاکستان موٹروے پولیس کی مشاورت سے'' کو عبارت ''انسپکٹر جنرل پولیس، وزیر اعظم کی مشاورت سے''، تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۲۔ **آرڈیننس ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۶۸، میں ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۶۸ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں لفظ ''حکومت'' کو الفاظ ''انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۳۔ **آرڈیننس ۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۹۳، میں ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۹۳ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ، ''حکومت'' کو الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

# بیان اغراض ووجوہ

قومی شاہرات تحفظ آرڈیننس (۴۰ مجریہ ۲۰۰۰ء) کا ترمیمی بل وفاقی کابینہ کے حسب ذیل فیصلے کی بجا آوری میں متعارف کروایا گیا جو کیس نمبر C-419/19/2017 کے تحت ۸ ستمبر، ۲۰۱۷ء کے منعقدہ اجلاس میں وضع کیا گیا۔
''تمام وزارتوں اور ڈویژن کو، قانون وانصاف ڈویژن کی مشاورت سے متعلقہ ایکٹ/قوانین میں ترامیم وضع کرنی چاہئے اور لفظ، ''وفاقی حکومت'' کو ''مناسب اتھارٹی/اتھارٹیوں'' سے تبدیل کیا جانا چاہیئے۔

جناب مراد سعید

وزیر برائے مواصلات

وزیر انچارج